**22.05.2024**
**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ..................ضمیرالدین رضوی

**Music**

☆ لوک سبھا انتخابات کے چھٹے اور ساتویں مرحلے کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔
☆ ممبئی کرائم برانچ نے مہاراشٹر کے گھاٹ کوپر میں بل بورڈ گرنے کے واقعے کی چھان بین کیلئے خصوصی تفتیشی ٹیم تشکیل دی ہے۔
☆ بھارتی محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ پنجاب، ہریانہ، دِلی، اترپردیش، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں 25 مئی تک شدید گرمی کا سلسلہ جاری رہے گا۔
☆ ویتنام کے پبلک سیکورٹی کے وزیر To Lam ملک کے اگلے صدر ہوں گے۔
☆ اور IPL کرکٹ میں آج شام احمد آباد میں دوسرے Eliminator میں راجستھان رائلس کا مقابلہ رائل چیلنجرس بنگلورو سے ہوگا۔

اب خبریں تفصیل سے............

**Delhi+UP Poll Campaign**

لوک سبھا انتخابات کے بقیہ دو مرحلوں کی چناؤ مہم میں اور تیزی آگئی ہے۔ سرکردہ لیڈر ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے ریلیاں کررہے ہیں۔ اترپردیش میں مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں شامل ہو رہے ہیں۔
وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے آج بستی ضلع میں ایک سیاسی جلسے سے خطاب کیا۔ انہوں نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ BJP کو ووٹ دیں، کیونکہ اُن کا ووٹ ایک ترقی یافتہ اور خودکفیل بھارت بنائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ BJP نے چناؤ کے پانچ مرحلوں میں ہی اکثریتی سیٹوں کا نشانہ حاصل کرلیا ہے اور اسی لئے اپوزیشن رہنما بوکھلائے ہوئے ہیں۔ اِس ریلی کا انعقاد بستی، سنت کبیر نگر اور ڈومریا گنج لوک سبھا حلقوں کیلئے مشترکہ طور پر کیا گیا تھا۔
وزیراعظم اب سے کچھ دیر بعد BJP امیدوار کی حمایت میں شراوستی ضلع میں سیاسی ریلی سے خطاب کرنے والے ہیں۔

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی جونپور اور بستی میں چناوٗ مہم میں حصہ لیا۔ ساجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو کی ریلیوں میں حالیہ ہنگامہ آرائی کا ذکر کرتے ہوئے یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ اپوزیشن کے کارکن دن بہ دن نروَس ہورہے ہیں۔ وہ سلطان پور، سدھارتھ نگر اور بلرام پور ضلعوں میں بھی سیاسی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ BJP رہنما اور مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ موہن یادو مہراج گنج، کُشی نگر اور جونپور میں چناوٗ مہم میں شامل ہوں گے۔
بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی جونپور ضلع میں چناوٗ مہم میں حصہ لیں گی، جبکہ ساجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو اعظم گڑھ ضلع میں ایک ریلی سے خطاب کریں گے۔
ادھر قومی راجدھانی میں مختلف سیاسی پارٹیاں ووٹروں کا دل جیتنے کیلئے بھرپور کوششیں کررہی ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی اور کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے دلی میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کرنے والے ہیں۔ جناب مودی دوارکا میں BJP امیدوار کنول جیت سہراوت کی حمایت میں ایک جلسۂ عام سے خطاب کریں گے، جبکہ جناب کھڑگے کانگریس امیدوار اُدت راج کی حمایت میں Bhalswa ڈیری کے مقام پر ایک جلسۂ عام میں شرکت کریں گے۔ دلی میں 7 پارلیمانی حلقوں کیلئے اِس مہینے کی 25 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

## PM Interview

وزیراعظم اور BJP کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے کہا ہے کہ کشمیر میں بڑے پیمانے پر ووٹنگ ہورہی ہے اور یہ جمہوریت کا ایک پیمانہ بن رہا ہے۔ ایک پرائیویٹ نیوز چینل کے ساتھ انٹریو میں جناب مودی نے کہا کہ کشمیر میں تیس چالیس سال کا ووٹنگ کا ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے۔
افراطِ زر کے بارے میں جناب مودی نے دعویٰ کیا کہ بھارت میں مہنگائی دیگر ملکوں کے مقابلے کنٹرول میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ روس اور یوکرین کے درمیان لڑائی سے خوراک، ایندھن اور کیمیاوی کھاد پر سیدھا اثر پڑ رہا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ دیگر ملکوں میں کسانوں کو یوریا کی ایک بوری 3 ہزار روپے میں مل رہی ہے لیکن بھارت میں کسانوں کو اس کیلئے صرف 300 روپے دینے ہوتے ہیں۔

## Congress Tharoor

کانگریس ممبرپارلیمنٹ ششی تھرور نے موجودہ لوک سبھا انتخابات میں زبردست جیت کے BJP کے دعوے کو خام خیالی قرار دیا ہے۔ نئی دِلی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے اُنہوں نے زور دے کر کہا کہ BJP کیلئے 2019 کے چناوٗ میں حاصل ہونے والی کامیابی کو دوہرانا ناممکن ہوگا۔ اُنہوں نے دعویٰ کیا کہ BJP کے گڑھ مانے جانے والے علاقوں میں کم تعداد میں ووٹ پڑے ہیں۔ جناب تھرور نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ کانگریس کے امیدواروں اور آئی-این-ڈی-آئی اتحاد کے تئیں لوگوں میں جوش وخروش پایا جاتا ہے۔

## Mumbai BIllborad Accident

ممبئی کی کرائم برانچ نے گھاٹ کوپر بل بورڈ حادثے کے معاملے میں ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم SIT تشکیل دی ہے۔ اس حادثے میں 17 افراد ہلاک اور تقریباً 75 زخمی ہوگئے تھے۔ یہ SIT چھ افسران پر مشتمل ہے۔ حکام نے یہ بھی بتایا کہ SIT نے بل بورڈ کے لیے ذمہ دار کمپنی کے مالک بھویش Bhide کی رہائش گاہ کی بھی تلاشی لی ہے اور کمپنی کے کچھ ملازمین سے بھی بات کی ہے۔ پچھلے ہفتے ممبئی کرائم برانچ نے راجستھان کے اُدے پور سے بھویشBhide کو گرفتار کیا تھا اور اُسے ممبئی لائی تھی۔ 13 مئی کو تیز آندھی میں ممبئی کے گھاٹ کوپر علاقے میں ایک بڑا بل بورڈ ایک پیٹرول پمپ پر گر گیا تھا۔

## Navy Chief Address

بحریہ کے سربراہ ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی نے کہا ہے کہ قومی بحری مفادات کے تحفظ کی خاطر بھارتی بحریہ کے لیے ہروقت چوکسی برتنا انتہائی ضروری ہے۔

کل نئی دلی میں بحریہ کے ہیڈکوارٹر میں متعین افسران سے اپنے پہلے خطاب میں انہوں نے آتم نربھرتا کے لیے بھارتی بحریہ کے پختہ عزم کو دہرایا۔ ایڈمرل دنیش ترپاٹھی نے بحری امور کے سلسلے میں موجودہ اور ابھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کی خاطر اندرون ملک دستیاب حل، اختراع اور نئی ٹکنالوجی کو بروئے کار لانے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے بحریہ کے ہیڈکوارٹر کے عملے کو اِس بات کی یاد دہانی کرائی کہ بحریہ کو سیکورٹی کی صورتحال اور اُس کے مطابق کارروائی کرنے کی ضرورت ہے۔

## Pune Boat Sunk

مہاراشٹر میں پُنے ضلعے کی Indapur تحصیل میں Ujani Dam میں مسافروں کو لے جانی والی ایک کشتی کے اُلٹنے کے بعد 7 افراد لاپتہ ہیں جبکہ ایک شخص تیر کر کنارے پر آ گیا۔ NDRF کی ٹیم نے لاپتہ افراد کو ڈھونڈنے کیلئے تلاش کی کارروائی شروع کردی ہے۔ بتایا گیا ہے کہ تیز ہواؤں کی وجہ سے Solapur ضلعے کے Karmala تعلقے میں یہ کشتی اُلٹ گئی۔ اِس کشتی میں دو خواتین اور دو بچیوں سمیت 8 افراد سوار تھے۔

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے پیش گوئی کی ہے کہ پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی، اترپردیش، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں شدید گرمی کا زور اِس مہینے کی 25 تاریخ تک جاری رہے گا۔ موسمیات محکمے کے مطابق وسطی اور شمال مغربی بھارت کے کئی حصوں میں اگلے چند روز تک دن کے درجۂ حرارت میں رفتہ رفتہ 2 سے 3 ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہوگا۔

اِدھر انڈمان نِکوبار جزائر کے کچھ اور حصوں میں اگلے دو دن کے دوران جنوب مغربی مانسون کے مزید آگے بڑھنے کا امکان ہے۔ اِس کے زیرِ اثر ملک کے جنوبی حصوں میں کل تک کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش ہوسکتی ہے، جبکہ کیرالہ میں انتہائی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

**Vietnam President**

ویتنام کی قومی اسمبلی نے آج اپنے ہیڈکوارٹرس ہنوئی میں پبلک سیکورٹی کے وزیر To Lam کو ملک کے اگلے صدر کے طور پر منظوری دے دی ہے۔ اُن کی تقرری ویتنام کے سابق صدر Vo Van Thuong کے استعفیٰ کے تقریباً دو مہینے بعد عمل میں آئی ہے، جنہیں بدعنوانی کے خلاف کارروائی کی وجہ سے اپنا عہدہ چھوڑنا پڑا تھا۔ Lam اٹھارہ مہینے سے بھی کم عرصے میں ویتنام کے صدر بنے ہیں۔ وہ پارٹی سربراہ اور وزیر اعظم کے بعد ویتنام میں تیسرے سب سے طاقتور شخص ہیں، جہاں تک ویتنام کے کارکنوں سے نمٹنے کا تعلق ہے، اُنہیں ایک سخت گیر تصور کیا جاتا ہے۔ پبلک سیکورٹی کے وزیر کے طور پر اُن کی مدت کے دوران بے شمار مخالفین اور بلاگرس کو جیل میں بند کردیا گیا تھا۔

**PM Depeinder Goual**

وزیراعظم نریندر مودی نے مختلف اسٹارٹ اپس کی شروعات کرنے والوں کی ستائش کی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر سلسلے وار ٹویٹس میں جناب مودی نے اسٹارٹ اپس کی شروعات کرنے والوں کے ویڈیوز اپلوڈ کیے اور کہا کہ سخت محنت کو ہمیشہ فوقیت حاصل ہوتی ہے۔ جناب مودی نے اسٹارٹ اپس کو آگے بڑھانے کے لیے موزوں ماحول فراہم کرنے کی خاطر حکومت کے عہد کا بھی اظہار کیا۔

**VP Iran Visit**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ ایران کے دورے پر ہیں۔ اپنے دورے میں وہ ایران کے صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی، وزیر خارجہ ڈاکٹر حسین امیر عبد اللہیان اور دیگر ایرانی افسران کی المناک موت پر اُنھیں تعزیت پیش کرنے کے ایک سرکاری پروگرام میں شرکت کریں گے۔ اِن شخصیتوں کی 19 مئی کو ایک ہیلی کاپٹر حادثے میں موت ہوگئی تھی۔

**Manipur Kuki Militant**

منی پور میں ریاستی سرکار نے، دہشت گرد گروپ ''Kuki نیشنل فرنٹ - ملیٹری کونسل'' کے خلاف ایک FIR درج کرائی ہے۔ یہ FIR اِس گروپ کی طرف سے نیا نام رکھے جانے اور اپنے کیمپ کو ایک پوتر پہاڑی میں منتقل کرنے کے خلاف درج کرائی گئی ہے۔ یہ کیس ایک فوٹوگراف کے سامنے آنے کے بعد درج کرائی گئی ہے، جس میں یہ نظر آ رہا ہے کہ اِس دہشت گرد گروپ نے بشنو پور ضلعے میں واقع تھانگ جِنگ چِنگ پہاڑی کے دامن میں ایک سائن بورڈ نصب کیا ہے، جس میں اِس جگہ کو Kuki آرمی کیمپ بتایا گیا ہے۔ تھانگ جِنگ چِنگ، میتی برادری کے Sanamahism مذہب کے عقیدتمندوں کے لیے ایک مقدس اور یاترا کا مقام ہے۔ اسی دوران منی پور کے وزیراعلیٰ این۔برین سنگھ نے کسی بھی فرد یا گروپ کو خبردار کیا ہے کہ وہ عوامی جگہوں کو غیر قانونی طور پر کوئی نیا نام نہ دیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ اِس جگہ کا نام، تھانگ جِنگ پہاڑی سے بدل کر، تھانگ تِنگ پہاڑی رکھے جانے کے سلسلے میں، ایک پولیس کیس درج کرا دیا گیا ہے۔

## WEF INDEX

سیرو سیاحت کے فروغ سے متعلق عالمی اقتصادی فورم کے 2024 کے اشاریے میں بھارت اب اپنی پوزیشن بہتر کرتے ہوئے 39ویں مقام پر آگیا ہے، جبکہ امریکہ سرفہرست ہے۔ اِس سے پہلے بھارت 2021 کے اشاریے میں 54ویں مقام پر تھا۔ اِس کے ساتھ ساتھ کم اور متوسط آمدنی والی معیشتوں میں جنوبی ایشیا میں بھارت اعلیٰ ترین مقام پر ہے۔
مذکورہ درجہ بندی میں بھارت کی نمایاں پیشرفت سے عالمی سیاحتی منظرنامے پر اُس کی بڑھتی ہوئی مسابقت اُجاگر ہوتی ہے۔ مذکورہ اشاریے میں 119 ملکوں کے سیروسیاحت کے شعبے کے مختلف عوامل اور پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا ہے۔

## IPL Cricket

آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں دوسرے Eliminator مقابلے میں راجستھان رائلز اور رائل چیلنجرس بنگلورو آمنے سامنے ہوں گے۔ اِس میچ میں جیتنے والی ٹیم جمعہ کے روز دوسرے Qualifier میچ میں سن رائزرس حیدرآباد کے ساتھ کھیلے گی۔ آئی پی ایل کا فائنل اتوار کے روز کھیلا جائے گا۔

## Asian Relay Championships

ایشین رِیلے چمپیَن شپس 2024 میں، مردوں اور خواتین کی، چار ضرب چار سو میٹر رِیلے بھارتی ٹیموں نے کُل تھائی لینڈ کے شہر بینکاک میں چاندی کے دو تمغے جیتے۔ محمد انس یحییٰ، ٹی سنتوش کمار، Mijo Chacko Kurian اور راجیو اَروکیا کی، مردوں کی رِیلے ٹیم نے ، سری لنکا کی ٹیم کے بعد دوسرے نمبر پر رہتے ہوئے چاندی کا تمغہ حاصل کیا، جبکہ ویتنام نے کانسے کا تمغہ جیتا۔ خواتین کے زمرے میں بھارت کی وِتیا رامراج، ایم۔آر۔Poovamma، روپال اور پراچی چودھری نے چاندی کا تمغہ جیتا۔ ویتنام نے سونے اور جاپان نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ مردوں اور خواتین کی رِیلے بھارتی ٹیموں نے، آئندہ پیرس اولمپکس کے لیے پہلے سے ہی کوالیفائی کیا ہوا ہے۔

☆☆☆